## سوال

(505) خیمہ میں تھوڑا وقت گزارتا ہے    الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

1 ایک آدمی مسجد میں اعتکاف بیٹھا ہے، مسجد کے جس حصے میں اعتکاف کے لیے اس نے خیمہ بنایا ہے، اس خیمے سے باہر مسجد کے صحن میں دھوپ کے لیے زیادہ وقت گزارتا ہے، خیمہ میں تھوڑا وقت گزارتا ہے، کیا اس طرح کرنا صحیح ہے؟

2 مسجد میں اعتکاف کرنے والا مسجد میں تعمیر کا کام ہو رہا ہے کیا اس میں ہاتھ بٹا سکتا ہے؟

3 ہمارے ہاں مسجد کا قبلہ درست کرنے کے لیے مسجد کی قبلہ والی دیوار کچھ ترچھی ہے، اس کی پچھلی طرف کچھ جگہ ہے، جہاں کمرہ تعمیر کر دیا ہے اور مسجد کی قبلہ والی دیوار میں ایک دروازہ ہے، جس سے اس کمرہ کو مسجد کے سٹور کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے کیا اس کمرہ میں اعتکاف بیٹھ سکتے ہیں؟ (محمد یونس شاکر)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اس طرح کرنا صحیح نہیں۔ اعتکاف کی خاطر خیمے کا آخر مقصد؟

2 دو چار منٹ تو کوئی بات نہیں آخر غور فرمائیں اعتکاف کی غرض وغایت تعمیر کا کام ہے یا کوئی اور چیز؟

3 اگر وہ کمرہ مسجد کا حکم رکھتا ہے تو اس میں اعتکاف درست ہے، ورنہ درست نہیں۔ ٦ ١ ١٤٢٤ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

**جلد02 ص442**